مارکنگ اسکیم اردو (کورس-بی)

سالانہ امتحان 2024

Marking Scheme: Urdu Course B (303)

Annual Examination 2024

فروری 2024

صدرممتحن اور ممتحن کے لیے عام ہدایات:

(General Instructions for Head Examiners and Examiners)

ممتحن کو چاہیے کہ کاپیوں کی اصلاً چیکنگ شروع کرنے سے قبل کاپیوں کی چیکنگ کے لیے رہنمائی کے جو نکات طے کیے گئے ہیں، ان نکات کو خوب سمجھ بوجھ کر ذہن نشین کر لے۔

امتحان کی کاپیوں کی جانچ کے لیے یکسوئی کے ساتھ ساتھ صبر و تحمل کی ضرورت ہوتی ہے۔ سرسری انداز سے کاپیوں کی چیکنگ کر دینا خود ہماری دیانت داری اور خلوص کو مجروح کرتا ہے۔ اس طرح کی چیکنگ میں بہت سی ناہمواریاں بھی رہ جاتی ہیں۔ دوران چیکنگ کچھ اساتذہ نرمی کا رخ اختیار کرتے ہیں تو کچھ خاصے سخت ہو جاتے ہیں۔ دونوں ہی صورتوں میں طلبا کے نتائج متاثر ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس طرح کی ناہمواریوں سے بچنے کے لیے کافی غور و خوض کے بعد ان نکات کا تعین کیا گیا ہے جس پر عمل درآمد کر کے ہم معیاری انداز سے کاپیوں کی جانچ کر پائیں گے۔

کاپیوں کی چیکنگ کے سلسلے میں رہنمائی کے جو نکات پیش کیے جا رہے ہیں ضروری نہیں کہ طلبا کے جوابات نمونے کی تشریح اور توضیح ہی کے انداز پر ہوں۔ مرکزی خیال والے سوالات کے جوابات میں انداز بدل سکتا ہے لیکن ہمارا خیال ہے کہ نمبروں کی تقسیم پر اس سے کوئی خاص اثر نہیں پڑے گا۔ آپ کو ہر حال میں مارکنگ اسکیم کے دائرے میں رہ کر ہی چیکنگ کا عمل انجام دینا ہے

Strictly Confidential

تاکہ ماضی میں ہوتی رہی ناہمواریوں کو دور کیا جاسکے۔امید ہے کہ اس صبر آزما کام کو آپ اپنا فرض سمجھ کر انجام دیں گے۔ ممتحن کا رویہ مشفقانہ ہونا چاہیے۔ قواعد اور املا کی معمولی غلطیوں کو نظر انداز کر دیا جائے تو بہتر ہو گا۔

صدر ممتحن(Head Examiner)اس بات کو ہر طرح سے یقینی بنائیں کہ مارکنگ اسکیم پر سختی سے عمل ہو رہا ہے۔ کچھ اساتذہ مارکنگ اسکیم(Marking Scheme) کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنے روایتی انداز سے مارکنگ کرتے ہیں جس سے طلبا کے نتائج متاثر ہوتے ہیں۔اس طرف صدر ممتحن کو خصوصی توجہ دینی ہے۔

(1) سپریم کورٹ کے حالیہ حکم نامہ کے مطابق اب طلبا اپنے جوابات کی کاپیوں کی عکسی کاپی (فوٹو کاپی) مقررہ فیس جمع کر کے سی۔بی۔ایس۔ای۔ سے حاصل کر سکتے ہیں اس لیے صدر ممتحن / ممتحن کو ہدایت دی جاتی ہے کہ کاپیوں کی چیکنگ میں کسی قسم کی کوئی لاپرواہی نہ برتیں اور مارکنگ اسکیم پر سختی سے عمل کریں۔

(2) صدر ممتحن اس بات کا اطمینان کرنے کے لیے کہ کاپیوں کی جانچ مارکنگ اسکیم (Marking Scheme)کے مطابق ہو رہی ہے، وہ ممتحن کی جانچی ہوئی ابتدائی پانچ کاپیوں کا باریک بینی سے جائزہ لے گا۔ یہ اطمینان کرنے کے بعد کہ کاپیوں کی جانچ مارکنگ اسکیم کے مطابق ہو رہی ہے ممتحن کو مزید کاپیاں جانچنے کے لیے دی جائیں گی۔

(3) ممتحن کو کاپیاں جانچ کے لیے صرف اسی وقت دی جائیں جب جانچ کے پہلے دن ممتحن اجتماعی یا انفرادی طور پر مارکنگ اسکیم پر تبادلۂ خیال کر چکے ہوں۔

(4) کاپیوں کی جانچ مارکنگ اسکیم میں دی ہوئی ہدایت کے مطابق ہی کی جائے گی۔ یہ جانچ بھی ممتحن کے اپنے روایتی اندازِ فکر، اپنے تجربے اور کسی دیگر بات کو مد نظر رکھ کر نہیں بلکہ صرف مارکنگ اسکیم کو ذہن میں رکھتے ہوئے کی جائے۔

(5) اگر کسی سوال کے کئی جزو ہیں تو ہر جزو کے نمبر بائیں ہاتھ کے حاشیے میں الگ الگ دیے جائیں اور پھر تمام اجزا میں حاصل نمبروں کو جمع کر کے سوال کے آخر میں حاشیے میں لکھ کر اس کے گرد دائرہ بنا دیا جائے۔

(6) اگر کوئی طالب علم ایسا جواب لکھتا ہے جو مارکنگ اسکیم میں موجود نہیں ہے لیکن وہ جواب صحیح ہے تو صدر ممتحن سے مشورے کے بعد نمبر دیے جائیں۔

(7) اگر کوئی طالب علم دریافت کیے گئے جوابات سے زیادہ یعنی ایکسٹرا جواب لکھتا ہے تو جو جواب زیادہ معیاری ہو اس پر نمبر دیے جائیں اور کم معیاری جواب کو زائد (Extra) تصور کرتے ہوئے کاٹ کر وہاں Extra لکھ دیا جائے۔ اور اگر کوئی طالب علم دریافت کیے گئے جوابات سے زیادہ جواب تحریر کر دیتا ہے اور پھر غلطی سے یا جلد بازی میں انھیں کاٹ دیتا ہے تو ایسی صورت میں زیادہ معیاری جواب کو ہی مطلوبہ جواب تصور کرتے ہوئے نمبر دیے جائیں۔

(8) اگر کوئی طالب علم دیے ہوئے اقتباس یا اس کے کسی حصے کو اپنے جواب کے لیے استعمال کرتا ہے مثلاً اقتباس میں دی ہوئی معلومات کو اپنے مضمون کے لیے استعمال کرتا ہے تو اس کے نمبر نہیں کاٹے جائیں گے سوائے اس کے کہ اس کا جواب پوچھے گئے سوال سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔

(9) ممتحن کو سب ہی سیٹ کے سوال ناموں کی مارکنگ اسکیم کا باریک بینی سے مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ وہ ہر سیٹ کی مارکنگ اسکیم سے بخوبی واقف ہو سکے۔

(10) ممتحن کو چاہیے کہ ہر کاپی کو کم سے کم پندرہ سے بیس منٹ کا وقت دیتے ہوئے اس طرح چیک کریں کہ روز بیس/پچیس (20/25) کاپیاں چیک کرنے میں کم از کم آٹھ گھنٹے ضرور لگیں۔

(11) ممتحن حضرات اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کاپیوں کی جانچ مارکنگ اسکیم میں بتائی گئی نمبروں کی تقسیم کے مطابق ہی ہو۔

(12) براہِ کرم اگر کسی سوال کا جواب درست ہے تو صد فی صد نمبر دینے سے گریز نہ کریں۔

(13) صدر ممتحن/ ممتحن کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اگر کاپیوں کی چیکنگ کے دوران کوئی ایسا جواب سامنے آتا ہے جو بالکل غلط ہے تو اس پر کراس (×) کا نشان لگا دیا جائے اور صفر دیا جائے اور اسے اس طرح "zero" لکھا جائے۔

(14) زبان وادب کی کاپیاں جانچنے والے اکثر افراد یہ خیال کرتے ہیں کہ کسی طالب علم کو صد فی صد نمبر دینا ناممکن ہے۔ یہ خیال روایتی اور رجعت پسندانہ ہے۔ اس عمل سے گریز کیا جانا اشد ضروری ہے۔

(15) 'صلاحیت پر مبنی سوالات' (Competancy Based Questions) کے جواب جانچتے وقت اس بات پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ اگر کوئی طالبِ علم کوئی ایسا جواب تحریر کرتا ہے جو مارکنگ اسکیم سے مختلف ہے، مگر اس کے جواب سے پوچھی گئی صلاحیت ظاہر ہوتی ہے، تو اس جواب پر اس کو پورے نمبر دیے جائیں گے۔

Series — #CDBA

SET — 4

Code No. 5B

مارکنگ اسکیم

اردو (کورس -بی)

کل نمبر:80 مقررہ وقت:3 گھنٹے

Time Allowed: 3 Hours M.M. 80

سوال نمبر	ممکنہ جوابات / ویلیو پوائنٹ	نمبروں کی تقسیم
1	**حصہ -الف: عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)** مندرجہ ذیل درسی نثری اور شعری اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے جواب لکھیے: 5x1 = 5 (الف) ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔ اس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا۔ امبیڈکر نے اپنے جیسے کمزور انسانوں پر ہونے والے ظلم اور ناانصافیوں کے خلاف آواز اٹھائی۔ گاؤں گاؤں اور شہر شہر جا کر لوگوں کو بیدار کیا۔ ان کے دل سے خوف دور کیا اور ان میں خود اعتمادی پیدا کی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کا خیال تھا کہ سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے تعلیم بے حد ضروری ہے۔ تعلیم بہت سی برائیوں کو ختم کر دیتی ہے۔ انھوں نے کمزور طبقوں کی تعلیم کے لیے کئی ادارے قائم کیے،	

Strictly Confidential

	اسکول اور کالج کھولے۔ مردوں کے ساتھ عورتوں کی ترقی پر بھی توجہ دی۔ ان کے لیے سماج میں برابر کے حقوق کی وکالت کی۔ (i) ڈاکٹر امبیڈکر نے کس کام کی کوشش کی؟ **جواب: ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوشش کی۔**	1
	(ii) ملک کا ایک طبقہ غربت اور جہالت کا شکار کیوں ہوا؟ **جواب: چھوت چھات کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار ہوا۔**	1
	(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کے ظلم کے خلاف آواز اٹھانے سے لوگوں کو کیا فائدہ ہوا؟ **جواب: ڈاکٹر امبیڈکر کے ظلم کے خلاف آواز اٹھانے سے لوگوں کے دلوں سے خوف دور ہوا اور ان میں خود اعتمادی پیدا ہوئی۔**	1
	(iv) سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے کیا ضروری ہے؟ **جواب: سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے تعلیم بے حد ضروری ہے۔**	1
	(v) عورتوں کی ترقی کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر نے کیا کیا؟ **جواب: عورتوں کی ترقی کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر نے سماج میں ان کے برابری کے حقوق کی وکالت کی۔**	1

	5x1 = 5 (ب)	
	جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی آگ اور خون آج بخشے گی بھوک اور احتیاج کل دے گی اس لیے اے شریف انسانو! جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں شمع جلتی رہے تو بہتر ہے	
	(i) اس نظم کے شاعر کا نام لکھیے۔ **جواب: اس نظم کے شاعر کا نام ساحر لدھیانوی ہے۔**	1
	(ii) جنگ کیا ہے؟ **جواب: جنگ ایک مسئلہ ہے۔**	1
	(iii) جنگ کیا بخشے گی؟ **جواب: جنگ آگ، خون، بھوک اور احتیاج بخشے گی۔**	1
	(iv) شمع کہاں جلنا بہتر ہے؟ **جواب: شمع سبھی کے آنگن میں جلتی رہے تو بہتر ہے۔**	1
	(v) اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟ **جواب: اس نظم میں شاعر شریف انسانوں سے مخاطب ہے۔**	1

		کل نمبر 5+5=10
2	درج ذیل غیر درسی نثری اور شعری اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان پر مبنی سوالات کے جواب لکھیے: (الف) 5x1 = 5 عربی فارسی الفاظ نے نہ صرف اردو زبان کے ذخیرے میں اضافہ کیا بلکہ خیالات میں بھی وسعت پیدا کر دی جس سے اس کا حسن دوبالا ہو گیا اور وہ زیادہ وسیع اور کار آمد بن گئی۔ مگر اصل بنیاد جس پر وہ قائم ہے ہندی ہی ہے محض غیر زبانوں کے اسماء وصفات کے اضافے سے اس کے ہندی ہونے میں مطلق فرق نہیں پڑتا۔ مثلاً آج کل بہت سے انگریزی لفظ داخل ہوتے جاتے ہیں لیکن اس سے زبان کی اصلیت پر کچھ اثر نہیں آسکتا۔ غرض یہ زبان مختلف حیثیتوں سے ایسی قبول صورت ہوئی کہ اس کی ترقی میں شبہ نہیں ہو سکتا۔ (i) خیالات میں کس نے وسعت پیدا کی؟ **جواب: عربی فارسی الفاظ نے اردو زبان کے ذخیرے میں اضافہ کیا اور خیالات میں وسعت پیدا کی۔**	1
	(ii) اردو کی اصل بنیاد کسی زبان پر ہے؟ **جواب: اردو کی اصل بنیاد ہندی زبان پر ہے۔**	1
	(iii) غیر زبانوں کے الفاظ داخل ہونے سے کیا نہیں ہو سکتا؟ **جواب: غیر زبانوں کے الفاظ داخل ہونے سے اس کے ہندی ہونے پر مطلق فرق نہیں پڑتا۔**	1

(iv) زبان کی اصلیت پر کس بات سے فرق نہیں پڑتا؟

جواب: **آج کل زبان میں بہت سے انگریزی الفاظ داخل ہوتے جارہے ہیں لیکن اس سے زبان کی اصلیت پر کچھ اثر نہیں ہو سکتا۔** 1

(v) کس چیز میں شبہ نہیں ہو سکتا؟

جواب: **اردو کی مقبولیت اور ترقی میں شبہ نہیں ہو سکتا۔** 1

(ب) $5x1 = 5$

آدمی کے حال پر آتی ہے مفلسی کس کس طرح اس کو ستاتی ہے مفلسی
پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی
یہ دکھ وہ جانے جس پہ کہ آتی ہے مفلسی
مفلس کا دردِ دل کوئی جانتا نہیں مفلس کی بات کو کوئی مانتا نہیں
ذات اور حسب نسب کوئی جانتا نہیں صورت بھی اس کی پھر کوئی پہچانتا نہیں
یاں تک نظر سے اس کو گراتی ہے مفلسی

(i) مفلسی کے معنی غربت ہے۔ یہ لفظ اقتباس میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: **یہ لفظ اقتباس میں چھے بار آیا ہے۔** 1

(ii) مفلسی کس پر آتی ہے؟

جواب: **مفلسی آدمی کے حال پر آتی ہے۔** 1

	(iii) مفلسی تمام رات کیسے سلاتی ہے؟ **جواب:** **مفلسی تمام رات 'بھوکا' سلاتی ہے۔**	1
	(iv) مفلس کا دُکھ کون سمجھ سکتا ہے؟ **جواب:** **جس پر مفلسی آتی ہے وہی مفلس کا دُکھ سمجھ سکتا ہے۔**	1
	(v) مفلس کے ساتھ لوگ کیا کیا کرتے ہیں؟ **جواب:** **مفلس کا درد کوئی نہیں جانتا۔** **مفلس کی بات کوئی نہیں مانتا۔** **مفلس کی ذات اور حسب نسب کوئی نہیں جانتا۔** **مفلس کی صورت کوئی نہیں پہچانتا، سب اس کو نظر سے گرادیتے ہیں۔**	1 کل نمبر 5+5=10
	حصہ-ب: تحریری مہارت (25 نمبر)	
3	مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم سے کم 250 الفاظ پر مشتمل مضمون کیجیے۔ 10 (i) پسندیدہ استاد (ii) قومی تہوار (iii) یوم آزادی **جواب:** **کسی ایک موضوع پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون:** **(a) تمہید و تعارف** **(b) نفسِ مضمون**	 2 4

Strictly Confidential

	(c) زبان وبیان (d) اختتام	2 2 کل نمبر=10
4	(a) بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے دو دن کی چھٹی کی درخواست اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام لکھیے۔ 5 یا(OR) (b) والد کو خط لکھ کر کتابیں خریدنے کے لیے رقم منگوایئے۔ **جواب:** **درخواست:** • خاکہ (القاب وآداب، موضوع، اختتامی کلمات اور تاریخ وغیرہ) • نفسِ مضمون **خط:** • خاکہ (پتہ، تاریخ، القاب وآداب، اختتامی کلمات وغیرہ) • نفسِ مضمون	2 3 2 3 کل نمبر=5
]5	(a) سید احتشام کے بارے میں 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ یا(OR) (b) ''رضیہ سلطان'' سبق کا خلاصہ لکھیے۔ **جواب:** (a) **سید احتشام کے بارے میں:**	

حالاتِ زندگی 2= + تحریر=3 کل نمبر=5	پروفیسر سیّد احتشام حسین کی پیدائش قصبہ ماہل، ضلع اعظم گڑھ، اترپردیش، میں ہوئی۔ یہیں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور اعلا تعلیم کے لیے الہ آباد آ گئے۔ یہیں ان کا انتقال ہوا۔ احتشام حسین کا شمار اردو کے صفِ اوّل کے نقّادوں میں ہوتا ہے۔ وہ ترقی پسند تحریک سے وابستہ رہے۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف تھے۔ تنقیدی جائزے، روایت اور بغاوت، ادب اور سماج، ذوقِ ادب اور شعور، افکار و مسائل اور اعتبارِ نظر اُن کی اہم کتابیں ہیں۔ انھوں نے امریکہ اور یورپ کا ایک سفر نامہ بھی لکھا ہے۔ انھوں نے بچوں کے لیے 'اُردو کی کہانی' لکھی۔ اس کتاب میں اردو زبان اور ادب کی تاریخ مختصر طور پر بہت ہی آسان اور دلچسپ انداز میں بیان کی گئی ہے۔ OR / یا (b) "رضیہ سلطان" سبق کا خلاصہ: رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی۔ وہ بادشاہ التتمش کی بیٹی تھی۔ ایک بہادر حکمراں باپ نے رضیہ کے بچپن میں ہی اُسے اپنا جاں نشین مقرر کر دیا تھا۔ بھائی عیش پسند تھے۔ سوتیلی ماں حاسد تھی جو اپنے بیٹے کو حکومت دلانا چاہتی تھی۔ رضیہ نے ملک کے امن کی خاطر بھائی کو ہی بادشاہ بنانے کی پیشکش کی۔ لیکن وہ کمزور بادشاہ ثابت ہوا اور مارا گیا۔ ملک کے عوام نے رضیہ سلطان کو حکمراں بنایا۔ اس نے قسم کھائی کہ جب تک یہ ثابت نہ کر دوں کہ وہ مردوں سے کم نہیں، سکون سے نہیں بیٹھوں گی۔ وہ پہلی خاتون تھی جو دہلی کے تخت پر بیٹھی۔ لیکن ترک امیروں نے سازش کر کے اسے تخت سے ہٹا کر اس کے بھائی بہرام کو تخت پر بیٹھا دیا۔ رضیہ اور التونیہ نے دلی کا تخت واپس لینے کے لیے دلی کی طرف کوچ کیا مگر بہرام کی فوجوں نے اسے راستے میں ہی روک دیا۔ دونوں فوجوں میں جنگ ہوئی۔ اس میں رضیہ سلطان کو شکست ہوئی اور اُسے قتل کر دیا گیا۔ رضیہ سلطان نے صرف ساڑھے تین سال حکومت کی مگر اس مختصر مدت میں ہی اس نے اپنی ہمت، حوصلے اور حسنِ انتظام سے یہ ثابت کر دیا کہ وہ اعلا درجے کی حکمراں تھی۔	کل نمبر=5

6	(a) علامہ اقبال کی شاعری پر 100 الفاظ میں روشنی ڈالئے۔ (یا)OR (b) نظم ''نیکی اور بدی'' میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟ **جواب:** **(a) علامہ اقبال کی شاعری پر نوٹ:** علامہ اقبال کا شمار اردو کے مقبول و معروف شعرا میں ہوتا ہے۔ ان کی پیدائش 9 نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں ہوئی۔ وہ اپنی لاجواب شاعری اور فلسفیانہ بصیرت کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ انھوں نے بچوں کی دلچسپی اور ذہنی سطح کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دل چسپ نظمیں لکھیں۔ ان کی شاعری دنیا کی عظیم شاعری میں شمار کی جاتی ہے۔ بچوں کے لیے لکھی گئی نظموں کے ذریعے اقبال نے بچوں میں بلند خیالی، ایمانداری، سچائی، محبت، بھائی چارہ، انصاف، ہمدردی، انسانی جذبہ، مل جل کر ساتھ رہنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے جیسی صفات پیدا کیں۔ علامہ اقبال کی شاعری بنیادی طور پر حرکت و عمل اور مسلسل جدوجہد کا مطالبہ کرتی ہے۔ ان کی شاعری میں مقصد کو اوّلیت حاصل ہے۔ وہ اپنی شاعری کے ذریعے عوام کو بیدار کرنا چاہتے تھے۔ ان کا لہجہ، موضوعات اور اندازِ بیان یکسر نرالہ اور نیا ہے۔ OR / یا **(b) نظم ''نیکی اور بدی'' کا پیغام:** نظم ''نیکی اور بدی'' میں یہ پیغام دیا گیا ہے کہ یہ دنیا ایک دار العمل ہے۔ یہاں انسان کو اس کے کاموں کا بدلہ ہاتھوں ہاتھ ملتا ہے۔ انسان اس دنیا میں اچھے کام کرتا ہے تو اس کا اچھا صلہ ملتا ہے اور اگر برے کام کرتا ہے یا کسی پر ظلم اور زیادتی کرتا ہے تو اسے برا بدلہ ملتا ہے۔ یہاں ہر کسی کو فوراً انصاف ملتا ہے۔ نیکی کا بدلہ نیکی اور بدی کا بدلہ بدی یعنی 'اس ہاتھ دے، اُس ہاتھ لے'۔	کل نمبر=5

حصہ-ج: عملی قواعد (20 نمبر)

7	درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے:	8x2=16
	(i) فعل کہلاتا ہے.....	
	(A) وہ لفظ جس سے کسی اعلان کا ہونا ظاہر ہو۔	
	(B) وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو۔	
	(C) وہ لفظ جس سے مستقبل کا اشارہ ملے۔	
	(D) وہ لفظ جس سے فاعل کا علم ہو۔	
	جواب: (B) **وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو۔**	2
	(ii) وہ فعل جس سے موجودہ زمانے میں کام کا ہونا ظاہر ہو کیا کہلاتا ہے؟	
	(A) فعل ماضی (B) فعل مستقبل	
	(C) فعل حال (D) فعل ناقص	
	جواب: (C) **فعل حال**	2
	(iii) لفظ ''رحم دل'' کا متضاد ہو گا۔	
	(A) سنگ دل (B) تنگ دل	
	(C) بے دل (D) شوخ دل	
	جواب: (A) **سنگ دل**	2

	(iv) لفظ "خطرات" کا واحد ہوتا ہے (A) قطرہ (B) کمرہ (C) خطرہ (D) گہرا **جواب: (C) خطرہ**	2
	(v) درج ذیل میں سے مذکر الگ کیجیے۔ (A) معلمہ (B) خالہ (C) طالبہ (D) شاعر **جواب: (D) شاعر**	2
	(vi) درج ذیل میں سے کس لفظ میں سابقے کا استعمال ہوا ہے؟ (A) غیرت مند (B) روشن دان (C) ہم جماعت (D) دولت مند **جواب: (C) ہم جماعت**	2
	(vii) مندرجہ ذیل الفاظ میں جمع کی نشاندی کیجیے: (A) شجر (B) تدابیر (C) کرسی (D) میز **جواب: (B) تدابیر**	2

	(viii) جن الفاظ کے معنی ایک ہوں انھیں کہتے ہیں: (A) مترادف الفاظ (B) متضاد الفاظ (C) ناقص الفاظ (D) بے معنی الفاظ **جواب: (A) مترادف الفاظ**	2 **کل نمبر=16**
8	درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4x1=4 (i) نودو گیارہ ہونا (ii) بھیس بدلنا (iii) پھولا نہ سمانا (iv) ٹکا سا جواب دینا **جواب:** (i) نودو گیارہ ہونا : **استاد کو دیکھ کر شرارتی طلبا نودو گیارہ ہو گئے۔** (ii) بھیس بدلنا : **بھیس بدل کر کچھ دیر ہی دھوکا دیا جاسکتا ہے، ہمیشہ کے لیے نہیں۔** (iii) پھولا نہ سمانا : **راشد کی کامیابی کی خبر سن کر اُس کے والدین پھولے نہ سمائے۔** (iv) ٹکا سا جواب دینا : **محسنہ نے میرا ذرا بھی لحاظ نہیں کیا اور ٹکا سا جواب دے دیا۔**	1 1 1 1 **کل نمبر=4**
9	**حصہ-د: ادب (15 نمبر)** درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔ 3x2=6 (i) زمین کی عمر کا اندازہ کیسے لگایا جاسکتا ہے؟ **جواب: چٹانوں کی پرتوں سے ماہر ارضیات آسانی سے پتہ لگا لیتے ہیں کہ یہ چٹانیں کتنی پرانی ہیں۔ اس طرح زمین کی بناوٹ، ساخت اور عمر کا اندازہ آسانی سے لگایا جاسکتا ہے۔**	2

	(ii) لفافہ دیکھ کر پوسٹ ماسٹر کا کیا ردعمل تھا؟ **جواب:** **لفافہ دیکھ کر پوسٹ ماسٹر بے اختیار ہنسنے لگا لیکن قہقہوں کے درمیان یک بارگی خاموش ہو گیا۔ اِس کے بعد اُس نے لین شو کی مالی مدد کرنے کا فیصلہ کیا۔**	2
	(iii) انٹرنیٹ کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟ **جواب:** **انٹرنیٹ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ وہ فاصلوں کو نہایت تیزی سے ختم کرتا ہے۔ ہم دنیا کے کسی بھی حصے میں کسی بھی شخص سے فوراً رابطہ کر سکتے ہیں۔**	2 **کل نمبر=6**
10	درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 2x1=2 (i) رضیہ سلطان نے میر آخور کا عہدہ کس کو دیا؟ **جواب: رضیہ نے میر آخور کا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا۔**	1
	(ii) سبق ''بے تکلفی'' کے مصنف کا نام لکھیے۔ **جواب: سبق ''بے تکلفی'' کے مصنف کا نام کنھیالال کپور ہے۔**	1 **کل نمبر=2**
11	مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے: 2x2=4 (i) چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟ **جواب: چڑیاں چہچہا کر خدا کی تسبیح کرتی ہیں۔**	2

	(ii) کعبے جانے سے غالب کو شرم کیوں آتی ہے؟ **جواب: شاعر نے زندگی میں اس قدر گناہ کیے ہیں کہ اب اُسے خدا کے گھر جاتے ہوئے شرم آرہی ہے۔**	2 **کل نمبر=4**
12	مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ 3x1=3 (i) درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟ ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں ورنہ کیا بات کر نہیں آتی **جواب: یہ شعر غالب کی غزل سے لیا گیا ہے۔**	1
	(ii) ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا؟ **جواب: ساحر لدھیانوی کا اصل نام عبدالحئ تھا۔**	1
	(iii) جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو یہ چھالیہ ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو مندرجہ بالا شعر میں گلہری نے پہاڑ سے کیا کرنے کو کہا؟ **جواب: گلہری نے پہاڑ سے چھالیہ توڑ کر دکھانے کے لیے کہا۔**	1 **کل نمبر=3**